# ایڈوانسڈ اکیڈیمک پروگرامز (AAP)

## مضمون سے مخصوص (لیول II) اور جزوقتی (لیول III) سہولیات کیلئے جانچ یا اسکریننگ

فیئرفیکس کاؤنٹی پبلک اسکولز (FCPS) اعلیٰ سطح کے طلباء کی ضروریات کو پورا کرنے کے لیئے، تمام طلباء کو مہارتوں کی ترقی اور مختلف ہدایات کے ذریعے، چیلنج کرنے پر کاربند ہیں ۔

### مضمون سے مخصوص (لیول II) اور جزوقتی (لیول III) سہولیات کیلئے جانچ یا اسکریننگ

طلبا وطالبات تعلیمی سال کے دوران کسی بھی وقت مضمون سے مخصوص اور جزوقتی AAP سہولیات کیلئے جانچے جاسکتے ہیں ۔ موسم بہار میں ، اسکول تمام طالبعلموں کے اعدادوشمار کا جائزہ لیتا ہے تاکہ اگلے تعلیمی سال کے آغاز کیلئے سہولیات کا تعین کیا جاسکے ۔

- والدین یا سرپرست ہر سال 15 اپریل تک ایڈوانسڈ اکیڈیمک ریسورس ٹیچر(AART) یا اسسٹنٹ پرنسپل کو AAP اسکول میں سہولیات (لیول II-III) ریفرل فارم جمع کراکے جانچ یا اسکریننگ کا عمل شروع کراسکتے ہیں ۔
- AAP اسکول میں سہولیات (لیول II-III) ریفرل فارم یہاں دستیاب ہیں https://www.fcps.edu/academics/academic-overview/advanced-academic-programs-aap/advanced-academic-program-aap-forms یا https://www.fcps.edu/ پر AAP" فارمز" تلاش کئے جاسکتے ہیں ۔
- والدین یا سرپرست ، جنہوں نے ریفرل جمع کرایا ہوگا ، انہیں مقامی ایلیمنٹری اسکول ماہ جون کے اوائل تک ، ان کے طالبعلم کی اہلیت کے متعلق مطلع کرے گا ۔

### مضمون سے مخصوص (لیول II) اور جزوقتی (لیول III) سہولیات کیلئے جانچ یا اسکریننگ کا عمل

فیئر فیکس کاؤنٹی پبلک اسکولز کے، اعلیٰ سطح کے تمام تعلیمی پروگراموں کی خدمات کی اہلیت کا تعین کرنے کے لیئے، مختلف معیارات کا کُلی طور پر، جائزہ لیا جاتا ہے۔ کمیٹیاں، AAP اسباق کے مواقع، کلاس کے مباحثوں اور سرگرمیوں میں طلباء کے دلائل یا خداداد صلاحیتوں کی مثالوں، کارکردگی کی رپورٹوں، کامیابیوں اور اہلیت کے اسکور اور والدین یا سرپرست کی رائے کے مطابق، طلباء کے کام پر غور و فکر کرتی ہیں ۔ کمیٹیاں اس بات پر غور کرتی ہیں کہ آیا طلباء کو، اسی طرح کی تعلیمی ضروریات کے حامل طلباء کے گروپ تک رسائی حاصل ہے تاکہ وہ کلاس روم میں تعلیمی گفتگو اور نشوونما کو سپورٹ کر سکیں۔

### مضمون سے مخصوص (لیول II) اور جزوقتی (لیول III) سہولیات کیلئے اپیلوں کا عمل

اگر والدین یا سربراہ ناہلی کے فیصلے کی درخواست کرنا چاہتے ہیں،تو وہ مقامی اسکول کی اسکریننگ کمیٹی کی طرف سے غوروخوض کے لیئے نئے اعداد و شمار کے ساتھ ایک درخواست جمع کرواسکتے ہیں ۔ یہ نئی معلومات ایڈوانسڈ اکیڈیمک ریسورس ٹیچر یا اسسٹنٹ پرنسپل کو جمع کرائی جائیں ۔

## مضمون سے مخصوص اور جزوقتی سہولیات پر طائرانہ نظر

### ایلیمینٹری اسکول میں مضمون سے مخصوص اور جزوقتی سہولیات

FCPS ، گریڈ K-12 کے تمام طلباء کو تسلسل کے ساتھ اعلیٰ سطح کے تعلیمی پروگراموں کی خدمات فراہم کرتا ہے ۔ سہولیات مسلسل جاری رکھنے کا نقطہ نظر طلباء پر لیبل لگانے کے بجائے ان کی ضروریات کے مطابق یکساں خدمات پر توجہ دینے کی اجازت دیتا ہے ۔ طلباء کے پاس:

- ترقی کرتے ہوئے، ضرورت کے مخصوص شعبوں میں گہرائی سے سیکھنے کے لیئے، ایک سے زیادہ اینٹری پوائنٹس ہوتے ہیں ۔
- ایک جیسی تعلیمی ضروریات کے حامل طلباء کا ایک جامع گروپ تا کہ ان کی تعلیم وترقی میں اعانت ہو۔

اساتذہ، منتظمین اور ایڈوانسڈ اکیڈیمک ریسورس ٹیچرز (AARTs) ایلیمنٹری لیول پر، درج ذیل لیول کی خدمات فراہم کرنے کے لیئے، مل جُل کر کام کرتے ہیں:

## سختی تک رسائی، گریڈز K-6 (لیول I)

تمام طلباء کے پاس تنقیدی سوچ، استدلال اور مسائل حل کرنے کے موقع ہوتے ہیں ۔

- تمام اساتذہ اپنے اسباق میں تنقیدی اور تخلیقی سوچ کی حکمت عملیاں استعمال کرتے ہیں
- کلاس روم کے اساتذہ، AAP نصاب کے فریم ورک سے مواد استعمال کرکے، ہر سہ ماہی میں کم از کم ایک بار موقع فراہم کرتے ہیں۔

چونکہ سختی تک رسائی FCPS کے تمام طلباء کے لیئے ہوتی ہے، اس کے لیئے جانچ کا کوئی عمل نہیں ہے۔

## مضمون سے مخصوص اعلیٰ امتیاز، گریڈز K-6 (لیول II)

بعض طالبعلموں کو کم از کم ایک مخصوص شعبہ مضمون میں اپنی کلاس میں ہم عمر ساتھیوں کی ضروریات سے کہیں بڑھ کر امتیاز کی ضرورت ہوتی ہے ۔ کلاس روم کے اساتذہ طلباء کے لیئے، درج ذیل کے ذریعے، ان شعبوں کی ہدایات میں ترمیم کر سکتے ہیں:

- ان مضامین میں مختلف اسائنمنٹس اور وسائل فراہم کر کے
- طلباء کی مضبوطیوں، دلچسپیوں اور تیاری کے لحاظ سے گروپ بنا کر، اور
- AAP نصاب کے فریم ورک سے مواد استعمال کر کے اضافی چیلنجز فراہم کرکے ۔

طالبعلموں کی مضمون سے مخصوص امتیاز کی ضروریات پر مقامی اسکول کی سطح پر ہرسال نظر ثانی کی جاتی ہے۔

## جزوقتی ایڈوانسڈ اکیڈیمک پروگرامز، گریڈ 3-6 (لیول III)

بعض طلباء مختلف شعبہ ہائے مضمون میں اعلیٰ تعلیمی صلاحیتوں کے حامل ہوتے ہیں اور مختلف شعبہ ہائے مضمون میں اپنی کلاس میں ہم عمر ساتھیوں سے کہیں زیادہ امتیاز رکھتے ہیں ۔

- طلباء، ایک جیسی تعلیمی ضروریات کے حامل طلباء کے ساتھ ، کام کرتے ہیں اور اس کے لیئے، ہر ہفتے ایک الگ کلاس تشکیل دی جاتی ہے یا AART اور کلاس روم ٹیچر کے ساتھ ، مل کر پڑھایا جاتا ہے ۔
- اساتذہ لینگوئج آرٹس، سائنس، معاشرتی علوم اور/ یا ریاضی میں، AAP نصاب کے فریم ورک سے مواد استعمال کرنے کے اکثر مواقع فراہم کرتے ہیں۔

جزوقتی خدمات گریڈ 6 تک جاری رہتی ہیں۔ طلباء کو، ہر سال جانچ کی ضرورت نہیں ہوتی۔

# کُل وقتی (لیول IV) سہولیات کیلئے اسکریننگ

## کُل وقتی سہولیات کیلئے اسکریننگ کا نظام الاوقات

کُل وقتی (لیول IV ) کی AAP سہولیات کیلئے اسکریننگ مقامی اسکولوں کے بجائے ڈسٹرکٹ / سینٹرل سطح پر ہوتی ہے ۔ اپنے اگلے تعلیمی سال کی منصوبہ بندی کیلئے، براہ مہربانی یہ جان لیں کہ کُل وقتی (لیول IV) سہولیات کیلئے اسکریننگ دو مخصوص اسکریننگ چکروں میں ہوتی ہے :

- خزاں کی اسکریننگ ان طلباء کے لیئے، دستیاب ہوتی ہے، جو FCPS میں جنوری سے داخل ہوتے ہیں ۔
    - o خزاں کے ریفرلز ہر سال 15 اکتوبر کو واجب العمل ہوتے ہیں ۔
- بہار کی اسکریننگ FCPS میں داخل گریڈ 2-7 کے کسی بھی طالب علم کے لیئے، دستیاب ہے ۔
    - o ہرسال ریفرل کی مدت اسکول کے پہلے دن سے لے کر - 15 دسمبر تک ہے ۔

مزید معلومات کے لیئے، براہ مہربانی AAP کی ویب سائٹ ملاحظہ کیجیئے:-https://www.fcps.edu/registration/advanced-academics-identification-and-placement/current-fcps-students.

## کُل وقتی ایڈوانسڈ اکیڈیمک پروگرامز، گریڈ 3-8 (لیول IV)

اعلیٰ سطح کے کچھ طلباء کو، فل ٹائم اعلیٰ تعلیمی پروگرام کی ضرورت ہوتی ہے، جس کے اندر، چاروں بنیادی شعبوں میں مختلف ہدایات شامل ہوتی ہیں (لینگوئج آرٹس، ریاضی، معاشرتی علوم اور سائنس) ۔

AAP کی فل ٹائم ہدایات کے اہل طلباء کا فل ٹائم کی بنیاد پر ایک جامع گروپ بنایا جاتا ہے اور وہ درج ذیل خدمات حاصل کرتے ہیں:

- لینگوئج آرٹس، ریاضی ، سائنس اور معاشرتی علوم کے نصاب میں AAP نصابی فریم ورک سے مواد کا کُل وقتی استعمال، اور
- نصاب جو مواد کی تیزرفتاری، گہرائی اور پیچیدگی کے ذریعہ پہچانا جاتا ہے ۔

کُل وقتی خدمات گریڈ 8 تک جاری رہتی ہیں ۔ طلباء کو، ہر سال جانچ کی ضرورت نہیں ہوتی ۔